تجربہ ولادت

مریضوں کے لیے معلومات

یہ کتابچہ تجربہ ولادت اور اس عمل کے بعد دیکھ بھال کے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد مریضوں کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات فراہم کرنا ہے۔

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

The Aga Khan University Hospital, Karachi

A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance
Registered Office: Stadium Road, P.O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan

مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میری زچگی شروع ہوگئی ہے؟

آپ کو درج ذیل میں سے ایک یا کئی علامات محسوس ہوں گی:

- پیٹ میں درد جو ہر دس سے بیس منٹ کے باقاعدہ وقفوں سے کمر سے پیٹ کی جانب بڑھے گا اور تیس سیکنڈ تک برقرار رہے گا۔
- درد یا بغیر درد خون آلود سیلان رحم یا/اور
- درد یا بغیر درد اندام نہانی سے مایع کا تیزی سے اخراج

اگر میں دردِ زچگی میں مبتلا ہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

- اگر ولادت کے لئے آپ کی پہلے ہی بکنگ ہے یا آپ کے حمل کو 24 ہفتے یا 6 ماہ بیت چکے ہیں تو اے کے یو اسپتال کے لیبر روم تشریف لے آئیں
- بکنگ نہ ہونے یا 24 ہفتے نہ بیتنے کی صورت میں آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کے شعبہ ہنگامی امداد میں تشریف لائیں۔

میرے ہسپتال میں داخلے کے بعد کیا ہوگا؟

- اپنا قبل از ولادت کارڈ لیبر وارڈ کی یونٹ ریسپشنسٹ کے حوالے کردیں۔
- لیبر روم میں آپ کو ایک نرس مثانہ خالی کرنے کی ہدایت دے گی جس کے بعد آپ کو مانیٹرنگ کے لئے لیبر سویٹ لے جایا جائے گا۔
- لیبر روم میں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر آپ کا معائنہ کرے گی اور رپورٹ آپ کے کنسلٹنٹ کے پاس بھیجی جائے گی جس کی بنیاد پر آپ کے داخلے کا فیصلہ ہوگا۔

- اگر آپ دردِ زہ میں مبتلا ہیں تو ہر چار گھنٹے بعد اس کا تجزیہ کیا جائے گا۔

- ولادت کے طریقۂ کار (بذریعہ فرج/سیزیرین) کا تعین زچگی اور بچے کی حالت کے مطابق کیا جائے گا۔

میری زچگی کب تک رہے گی؟

- یہ آپ کی زچگی کے وقت، حالت اور گزشتہ ولادت پر منحصر ہے۔

- زچگی کے مختلف مراحل ہوتے ہیں۔ ابتدائی مرحلہ 12 سے 24 گھنٹے پر محیط ہو سکتا ہے بصورت دیگر 6 سے 8 گھنٹے لگتے ہیں۔

ولادت کے بعد میرے ساتھ کیا ہو گا؟

فوری/معاونتی ولادت بذریعہ فرج	سیزیرین ولادت
• اس صورت میں آپکو مشاہدے کے لئے 1 سے 2 گھنٹے لیبر روم میں رکھا جائے گا۔	• اس صورت میں آپکو مشاہدے کے لئے 1 سے 2 گھنٹے کمرہ بحالی (Recovery Room) میں رکھا جائے گا۔
• ولادت کے فوراً بعد ایک نرس بچے کو دودھ پلانے میں آپ کی مدد کرے گی۔	• جب تک ماں کو اس کے مقررہ بستر میں منتقل نہیں کیا جاتا بچے کو نرسری میں رکھا جائے گا۔
• لیبر سویٹ میں آپ کو کھانے پینے کی اجازت ہو گی۔	• جب تک ڈاکٹر کھانے کی اجازت نہ دے آپ کیلئے کھانا ممنوع ہو گا۔
• لیبر روم میں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر آپ کی حالت کا تجزیہ خون ضایع ہونے اور ایپی سیوٹومی سے کرے گا۔	
• آپ کو آپکے مقررہ کمرے یا بستر پر شفٹ کر دیا جائے گا۔	

بعدازاں دیکھ بھال کے لئے مریض اوراس کے خاندان کی معلومات کا کتابچہ "بعدازولادت ذاتی دیکھ بھال" ملاحظہ فرمائیں۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں:

کنسلٹنٹ کلینک 4
آغا خان یونیورسٹی ہسپتال
کراچی۔
فون نمبر: 34930051، ایکسٹینشن: 1033-1034-1036

لیبر روم
آغا خان یونیورسٹی ہسپتال
کراچی۔
فون نمبر: 34930051، ایکسٹینشن: 4390-4391

ICN # S-2166612 - July 2018